سوال

(784) ہاتھ اور پاؤں کو مہندی لگواسکتے ہیں مرد؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بالفرض جسم کی گرمی خارج کرنے کے لیے اور ہاتھ پاؤں کی جلن ختم کرنے کے لیے ہاتھ اور پاؤں کو مہندی لگواسکتے ہیں مرد حضرات یا نہیں؟ (ظفر اقبال، نارووال)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علی بن عبیداللہ اپنی دادی (سلمیٰ ام رافعؓ) سے روایت کرتے ہیں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتی تھیں، فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی زخم یا خراش آجاتی تو آپؐ مجھے حکم فرماتے کہ میں اس پر مہندی لگاؤں۔ ''[2] ۲۳،۶،۱۴۲۳ھ

2 ابوداوٗد، کتاب الترجل، بابٌ فی الخضاب للنسآئ۔ سنن ترمذی، ابواب الطب، باب ماجاء فی التداوی بالحناء

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 763

محدث فتویٰ